فوری ریلیز کے لیے: 5/8/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL کے نیو یارک سٹی میں کولنگ ٹاورز کے معائنوں کو مزید سخت بنانے کی قانون سازی پر دستخط

نئے قانون کے تحت کولنگ ٹاورز کی سال میں دو مرتبہ تصدیق کا تقاضا، صحت کے خطرات کا زیادہ تیزی سے تدارک اور خلاف ورزیوں پر سخت سزائیں عائد ہوں گی

ان تقاضوں سے نیو یارک کے شہریوں کے Legionella سے متاثر ہونے کا خطرہ کم کرنے میں مدد ملے گی

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج ایک قانون پر دستخط کیے جس کے تحت نیو یارک سٹی میں کولنگ ٹاورز کے مالکان اور آپریٹرز کے لیے تصدیق کرنا لازم قرار دیا گیا ہے کہ ان کے کولنگ ٹاورز کا معائنہ، جانچ، صفائی اور جراثیم کشی نیو یارک سٹی کے انتظامی ضابطے (New York City Administrative Code) کے مطابق کی گئی ہے۔ کولنگ ٹاورز Legionnaires کے مرض جیسی بیکٹیریا سے پھیلنے والی وبا کا سبب بن سکتے ہیں، جو فلو جیسی علامات پیدا کرتی ہے اور جان لیوا بھی ہو سکتی ہے۔ یہ قانون سازی عمارتوں کے مالکان کے لیے مدتیں مقرر کرتی ہے تاکہ وہ نیو یارک سٹی کے محکمۂ عمارات (New York City Department of Buildings, NYC DOB) کو مطلع کریں اور کولنگ ٹاورز میں صحتِ عامہ کے کسی بھی خطرے کے تدارک کے لیے اقدامات کریں، جبکہ ان مسائل کی اطلاع نہ دینے یا انہیں حل نہ کرنے والے عمارت مالکان پر دیوانی جرمانوں میں اضافہ کرتی ہے۔

"نیو یارک کے شہریوں کی صحت اور تحفظ میری اوّلین ترجیح ہے،" گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔ "Legionnaires کے مرض کے حالیہ وبائی پھیلاؤ نے تصدیق سے متعلق تقاضوں کی فوری ضرورت کو اجاگر کر دیا ہے اور ہم شہر کے تعاون سے اس بات کو یقینی بنانے کے خواہاں ہیں کہ نیو یارک کے شہری صحتِ عامہ کے ان خطرات سے محفوظ رہیں۔"

قانون سازی (S08472-A/A09058A) ہر سال جنوری اور جولائی میں، یا NYC DOB کی جانب سے مقرر کردہ تاریخوں تک، سال میں دو مرتبہ تصدیق کا تقاضا کرے گی۔ اس کے علاوہ، یہ واضح کرتی ہے کہ عمارت کے مالک کو دیکھ بھال سے متعلق خامیوں کو دور کرنے کے لیے جلد از جلد، مگر زیادہ سے زیادہ 48 گھنٹوں کے اندر اقدامات کرنا ہوں گے، اور ایسے جرثوموں کی سطح کو کم کرنے کے لیے جو صحت کے لیے سنگین خطرہ بنتی ہے، NYC DOB کو مطلع کرنا اور جلد از جلد، مگر زیادہ سے زیادہ 24 گھنٹوں کے اندر اقدامات کرنا ہوں گے۔ یہ خلاف ورزیوں پر دیوانی جرمانوں میں بھی اضافہ کرتی ہے، یعنی پہلی خلاف ورزی پر $2,500، دوسری یا اس کے بعد کی خلاف ورزی پر $7,000، اور ایسی خلاف ورزی پر $12,500 تک جس کے نتیجے میں ہلاکت یا سنگین چوٹ واقع ہو۔

ریاست نیو یارک کے صحت کے کمشنر Dr. James McDonald (جیمز میکڈونلڈ) نے کہا، "میں اس قانون سازی کے حوالے سے گورنر Hochul (ہوکل) کی قیادت پر ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں، جو کولنگ ٹاورز سے متعلق ریاست نیو یارک کے ملک میں سب سے نمایاں ضوابط کو مزید فروغ دیتی ہے اور عوام کے *Legionella* سے متاثر ہونے کے خطرے کو کم کرتی ہے۔ کولنگ ٹاور آپریٹرز کو یہ بات یقینی بنانی چاہیئے کہ وہ مقررہ وقفوں پر ٹیسٹنگ اور ٹریٹمنٹ کر رہے ہوں۔ یہ محکمہ، مقامی محکمہ ہائے صحت اور طبی نگہداشت فراہم کنندگان سے رابطے اور آگاہی کا

عمل جاری رکھے گا تاکہ موسمِ گرما میں نمونیا سے متعلق شعور بڑھایا جا سکے اور جب کوئی مریض گرمیوں کے مہینوں میں نمونیا کے ساتھ سامنے آئے تو *Legionella* کے لیے طبی نمونے لینے کی حوصلہ افزائی کی جا سکے۔"

نیو یارک سٹی کے میئر Zohran Mamdani (زوہران ممدانی) نے کہا، "نیو یارک کے شہریوں کو محفوظ رکھنے کا مطلب یہ ہے کہ عمارتوں کے مالکان کو اپنے کولنگ ٹاورز کی مناسب دیکھ بھال کا جواب دہ بنا کر بیماری کے پھیلاؤ کو شروع ہونے سے پہلے روکا جائے۔ نیو یارک سٹی میں کولنگ ٹاورز سے متعلق ملک کے مضبوط ترین ضوابط نافذ ہیں، جن کے تحت Legionella بیکٹیریا کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے باقاعدہ معائنہ، دیکھ بھال اور ٹیسٹنگ لازمی ہے۔ ہر سال ہم مالکان کو لاکھوں ڈالر کے جرمانوں کے ذریعے جواب دہ ٹھہراتے ہیں، اور ان حفاظتی اقدامات کو مزید مضبوط بنانے کے ہر موقع کا خیرمقدم کرتے ہیں۔ نیو یارک کے ہر شہری کو یہ جاننے کا حق حاصل ہونا چاہیئے کہ ان کا شہر ان کی صحت کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدام کر رہا ہے۔"

نیو یارک سٹی کونسل کی اسپیکر Julie Menin (جولی مینن) نے کہا، "کسی بھی خاندان کو Legionnaires کے مرض کے ایسے پھیلاؤ کے باعث اپنے کسی عزیز سے محروم نہیں ہونا چاہیئے جسے روکا جا سکتا تھا۔ یہ قانون سازی جواب دہی کے عمل کو مضبوط بنانے اور اس بات کو یقینی بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے کہ خطرناک کولنگ ٹاورز کا معائنہ کیا جائے، ان کی رپورٹ کی جائے اور انسانی جانوں کو خطرہ لاحق ہونے سے پہلے ان کا تدارک کیا جائے۔ میں اس بل پر دستخط کرنے اور نیو یارک کے شہریوں کے تحفظ کے لیے گورنر Hochul (ہوکل) کے عزم پر ان کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔ شہری سطح پر، کونسل ایک جامع نگرانی کی سماعت اور رواں ستمبر میں قانون سازی کے ایک پیکیج کے ذریعے مزید اصلاحات پر زور دیتی رہے گی تاکہ روک تھام، شفافیت اور صحتِ عامہ کے حفاظتی اقدامات کو مضبوط بنایا جا سکے اور اس نوعیت کا پھیلاؤ دوبارہ کبھی نہ ہو۔"

ریاستی سینیٹر Cordell Cleare (کورڈیل کلیئر) نے کہا، "میں نے یہ بل ایک سال قبل ہارلم میں Legionnaires کے مرض کے پھیلاؤ کے دوران تیار کیا تھا اور میں گورنر کی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے اس پر فوری طور پر دستخط کیے۔ میں گورنر Hochul (ہوکل) کے ساتھ مل کر ایسے جامع حل پر کام کرنے کی منتظر ہوں جو اس بات کو یقینی بنائیں کہ ہمارا پانی، منبع سے نل تک، بالکل صاف اور محفوظ رہے۔"

رکن اسمبلی Jordan Wright (جارڈن رائٹ) نے کہا، "Legionnaires کا مرض صحتِ عامہ کے لیے ایک سنگین مگر قابلِ تدارک خطرہ ہے اور ہم نیو یارک کے شہریوں کے بیمار ہونے، یا اس سے بھی بدتر صورتِ حال پیش آنے تک انتظار کرنے کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ یہ قانون سازی کولنگ ٹاورز کی زیادہ مرتبہ جانچ اور تصدیق کا تقاضا کرتے ہوئے، خطرناک حالات کے تدارک کے لیے واضح مدتیں مقرر کر کے، اور عوام کے تحفظ میں اپنا کردار ادا نہ کرنے والے عمارت مالکان پر زیادہ سخت جرمانے عائد کر کے ہمارے حفاظتی اقدامات کو مضبوط بناتی ہے۔ اس قانون سازی کی پیش رفت کی قیادت کرنے پر مجھے فخر ہے، کیونکہ نیو یارک کے ہر شہری کو یہ اطمینان حاصل ہونا چاہیئے کہ جن مقامات پر وہ رہتے، کام کرتے اور جمع ہوتے ہیں، وہ محفوظ ہیں۔ میں گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) کی قیادت اور اس اہم اقدام پر دستخط کر کے اسے قانون کا حصہ بنانے پر ان کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ ان کی شراکت داری نے مستقبل میں بیماری کے پھیلاؤ کو روکنے، غفلت برتنے والے جائیداد مالکان کو جواب دہ ٹھہرانے، اور نیو یارک کے شہریوں کی صحت و سلامتی کے تحفظ کی جانب ایک بامعنی قدم اٹھانے میں ہماری مدد کی ہے۔"

رکن اسمبلی Amy Paulin (ایمی پالن) نے کہا، "ہماری ریاست بھر میں بہت سے خاندان Legionnaires کے مرض کے باعث ایسے نقصانات برداشت کر چکے ہیں جنہیں روکا جا سکتا تھا۔ نیو یارک کے ہر شہری کو اس بات کا یقین حاصل ہونا چاہیئے کہ ان کے ارد گرد کی عمارتیں محفوظ ہیں اور مالکان کو جواب دہ ٹھہرایا جاتا ہے۔ میں صحتِ عامہ کے تحفظ کے اس اہم اقدام پر دستخط کرنے اور قائدانہ کردار ادا کرنے پر گورنر Hochul (ہوکل) کی شکر گزار ہوں۔"

Legionnaires کا مرض، *Legionella* بیکٹیریا کے باعث ہوتا ہے جو گرم پانی میں افزائش پاتے ہیں۔ یہ بیماری ایسے آبی بخارات کے ذریعے پھیلتی ہے جن میں یہ بیکٹیریا موجود ہوں۔ یہ نمونیا کی ایک قسم ہے جو فلو جیسی

علامات پیدا کرتی ہے، جن میں بخار، سردی لگنا، پٹھوں میں درد اور کھانسی شامل ہیں۔ جس شخص کو یہ شبہ ہو کہ اسے Legionnaires کا مرض لاحق ہو گیا ہے، اسے فوری طور پر اپنے طبی نگہداشت فراہم کنندہ سے رابطہ کرنے کی تاکید کی جاتی ہے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں
اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز روکنے کے لیے
press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔